بسم الله الرحمن الرحیم • ما شاء الله لا قوۃ الا بالله

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر الله الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا أَلأَجْوَدُ صلی الله علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — سب سے سخی — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن ابن عباس قال كان النبي ﷺ اجود الناس بالخير وكان اجود مايكون في رمضان حين يلقاه جبرئيل وكان جبرئيل يلقاه كل ليلة في رمضان حتى ينسلخ يعرض عليه النبي ﷺ القرآن فاذا لقيه جبرئيل كان اجود بالخير من الريح المرسلة۔

(صحيح البخاري الجلد الاول ص ٢٥٥)

عن جابر بن عبد الله رضی الله عنہ قال ما سئل رسول الله ﷺ شيئًا قط فقال لا ۔

(رواه البخاري، وتاريخ ابن كثير ج ٦ ص ٤٢)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں جب حضرت جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ سخی تر ہو جاتے۔ حضرت جبریل علیہ السلام رمضان کی ہر رات کو ملا کرتے اور آپ کے سامنے قرآن کریم پڑھتے۔ پس جب حضرت جبریل علیہ السلام آپ سے ملتے تو آپ تیز ہوا سے بھی زیادہ سخی ہو جایا کرتے تھے۔

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ سے جب مانگا جاتا تو آپ کبھی "نہ" کا لفظ زبان مبارک پر نہ لاتے۔